## سوال

مسلمان عورت کی کسی غیر مسلم سے شادی کا حکم کیا ہے ، اورخاص کرجب شادی کے بعد اس غیر مسلم کے مسلمان ہونے کی امید ہو؟ بہت سی مسلمان عورتیں یہ دعوی کرتی ہیں کہ ان کےلیے غالب طور پر مسلمانوں میں شادی کےلیے مناسب لڑکا نہیں ملتا ، اوران عورتوں کا غلط راستے پرچلنے کا خدشہ ہے یا پھر وہ بہت ہی شدید قسم کے حالات میں رہ رہی ہوں ؟

## جواب

الحمد للہ

کتاب وسنت اوراجماع کے اعتبار سے مسلمان عورت کا کسی بھی غیر مسلم سے شادی کرنا منع ہے ۔

اس کی مزید تفصیل کےلیے آپ سوال نمبر (689) کا جواب ضرور دیکھیں ۔

اوراگرایسا ہوجائے تویہ نکاح باطل ہوگا ، نکاح کی وجہ سے جوشرعی احکام لاگوہوتے ہیں وہ وہ اس پرلاگو نہیں ہوں گے ، اس نکاح سے جواولاد پیدا ہوگی وہ غیر شرعی ہوگی ، اورخاوند کے اسلام کی امید اس حکم کوکچھ بھی بدل نہیں سکتی ۔

واللہ اعلم

اسلام سوال وجواب

1825